

TAKAFUL
SAVINGSPLAN

# تکافل سیونگز پلان

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان
ونڈو تکافل آپریشنز

بنك دبي الإسلامي
Dubai Islamic Bank

## سبکدوشی/دستبرداری(Disclaimer)

☆ یہ پروڈاکٹ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان (ونڈو تکافل آپریشن) کے زیرِ ضمانت ہے۔ یہ دبئ اسلامک بینک پاکستان لمٹیڈ یا اس کے ملحقہ اداروں کی جانب سے کسی بھی قسم کی ضمانت یا یقین دہانی نہیں ہے۔ اور نہ ہی یہ دبئ اسلامک بینک پاکستان لمٹیڈ کی پروڈکٹ ہے۔

☆ دبئی اسلامک بینک لمیٹڈ کا کردار ایک کارپوریٹ تکافل ایجنٹ کا ہے جبکہ اسٹیٹ لائف (وِنڈو تکافل آپریشن) بحیثیت پرنسپل کے ممبر شپ کی تمام تر ذمہ داریوں کی پابند ہوگی۔

☆ یہ ضروری نہیں کہ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کی گزشتہ کارکردگی، مستقبل کی کارکردگی کی نمائندہ ہو اس سلسلے میں کوئی بھی پیشن گوئی مستقبل یا فنڈز کی کارکردگی کی نشاندہی نہیں کرتی اور نہ اسٹیٹ لائف انشورنس کاپوریشن آف پاکستان نہ ہی دبئ اسلامک بینک پاکستان لمٹیڈ کسی بات کی جوابدہ ہے۔

☆ ہمارے اسٹاف کی جانب سے آپ کو زاتی فوائد کی وضاحت فراہم کی جائیگی متعدد شرائط وضوابط کو تفصیلی طور پر سمجھنے کیلئے برائے مہربانی نوٹس میں دی گئی وضاحت کو ملاحظہ فرمائیں۔

☆ سروس چارجز اور ٹیکسز بینک کے شیڈول آف چارجز کے مطابق اور مجاز اتھارٹی کی جانب سے مقرر کردہ ٹیکس قوانین کے مطابق لاگو ہونگے۔

☆ معاہدہ کیسے کام کرتا ہے اس کی وضاحت ممبر شپ ڈاکومنٹ کی مراعات اور شرائط میں درج ہے۔ یہ بروشرز محض پراڈکٹ کی مختصر سی خصوصیات اور فوائد فراہم کر رہا ہے۔

Tayyab | اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان ونڈو تکافل آپریشنز | بنك دبي الإسلامي Dubai Islamic Bank

اسٹیٹ لائف، بلڈنگ نمبر۹، ڈاکٹر ضیاءالدین احمد روڈ، کراچی۔
فون نمبر: 021-99202829 فیکس نمبر: 021-99204522
ویب سائٹ: www.statelife.com.pk

## لاگو قیمت کی فہرست (Schedule of Charges)

تمام چارجز مندرجہ ذیل ترتیب سے لاگو ہوں گے۔

### 1۔ مختص فیس (Allocation Fees)

| سال | مختص فیس بنیادی شراکتی حصے کی فیصد کے طور پر |
|---|---|
| 1 | 75 فیصد |
| 2 | 18 فیصد |
| 3 | 8 فیصد |
| 4-20 | 3 فیصد |
| 21 یا اس سے زائد | 0 فیصد |

### 2۔ وقف شراکتی حصہ (Waqf Contribution)

وقف شراکتی حصہ ماہانہ بنیادوں پر شریک کا سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) سے منہا کر دیا جائیگا۔ یہ وقف شراکتی حصہ بقیہ باقاعدہ شراکتی حصہ کو انشورنس رسک چارج (IRS) سے ضرب کرنے کی بنیاد پر حاصل ہوتا ہے۔ اضافی خطرہ اموات اور اضافی پیشہ ورانہ خطرات کے پیش نظر چارجز اگر لاگو ہوں تو اطلاق ہوگا۔

### 3۔ انتظامی وکالا فیس (Admin/Wakala Fee)

سالانہ چارجز جو -/1,200 روپے کے مساوی ہے شریک کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ سے ماہانہ بنیاد پر منہا کیے جائینگے۔ ان چارجز پر اسٹیٹ لائف وقتاً فوقتاً نظرِ ثانی کر سکتی ہے۔

### 4۔ یونٹ خریداری قیمت (Unit Allocation Charge)

شریک کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں یونٹس کی خریداری کیلئے شراکتی حصہ پر شرح 5% لاگو ہوگی۔

### 5۔ سرمایہ کاری انتظامی فیس (Investment Wakala Fee)

مالی سال کے اختتام پر فنڈ کی ویلیو پر لاگو شرح 1.5% سالانہ ہوگی۔ یہ فیس روزانہ کی بنیاد پر یونٹس کی قیمت کے تعین کے وقت ایڈجسٹ کی جائے گی اور بعدازاں سال کے اختتام پر منتظم کی ذیلی فنڈ میں منتقل کردی جائے گی۔

### 6۔ مضارب فیس:

ہر مالی سال کے آخر میں اسٹیٹ لائف (IFPTF) پر حاصل ہونے والی آمدنی کا تعین کرے گا۔ یہ حاصل آمدنی وقف فنڈ اور اسٹیٹ لائف کے مابین 20:80 کے تناسب سے تقسیم کی جائے گی۔

### سرمایہ کاری خطرات (Investment Risk)

سرمایہ کاری کا خطرہ نفع یا نقصان کی صورت میں شریک برداشت کرے گا لہذا حقیقی میچورٹی یا دستبرداری کی قدر جنہیں متوقع قدر کے طور پر بطور مثال پیش کیا گیا ہے کم یا زیادہ ہوسکتی ہے۔



TAKAFUL
SAVINGSPLAN

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان
ونڈو تکافل آپریشنز

بنك دبي الإسلامي
Dubai Islamic Bank

## تکافل بچت پلان

ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب پہلے قدم کے طور پر اسٹیٹ لائف فخریہ طور پر "تکافل بچت پلان" پیش کرتی ہے۔ یہ منصوبہ اسٹیٹ لائف کے موجودہ کامیاب روایتی میعادی پلان کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے اور ان افراد کیلئے ایک شاندار زریعہ ثابت ہوگا جو اپنے مستقبل کی ضروریات جیسا کہ ریٹائرمنٹ کے بعد کی معاشی ضروریات، کاروبار کے استحکام اور وسعت بچوں کی تعلیم اور شادی کے اخراجات، زمین کی خریداری یا مکان کی تعمیر، توسیع جیسے اہم فرائض کو شریعت کے مطابق سرمایہ کاری اور بچت کے زریعے پورا کرنا چاہتے ہوں۔ اور وہ افراد بھی جو ناگہانی وفات کی صورت میں خاندان کو معاشی تحفظ فراہم کرنے کے خواہاں ہوں۔

### تکافل اور فیملی تکافل منصوبہ کیا ہے؟

تکافل عربی زبان کا لفظ ہے جو کفالہ سے نکلا ہے۔ جس کے معنی "ضمانت" اور "دیکھ بھال" کے ہیں تکافل دور جدید میں روائتی انشورنس کے متبادل اسلامی نظام کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے۔ یہ باہمی خطرات کے اشتراک کا طریقہ کار ہے جو معاشرے میں خوش حالی کے لئے قائم کیا گیا ہے۔ فیملی تکافل منصوبہ کی بنیاد باہمی تعاون یکجہتی اور بھائی چارہ ہے۔ جو شریعت کی نظر میں پسندیدہ عمل ہے۔ فیملی تکافل منصوبہ کے تحت تکافل شرکاء مشترکہ طور پر ایک دوسرے کو موت اور معذوری کی صورت میں تحفظ اور مدد فراہم کرتے ہیں۔

### تکافل کے بنیادی اصول کیا ہیں؟

☆ تکافل شرکاء "تبرع" کی بنیاد پر ایک دوسرے کو ممکنہ خطرات سے محفوظ رکھنے کے لیے وقف پول میں ایک مقررہ رقم ادا کرتے ہیں جسے شراکتی حصہ (Contribution) کہا جاتا ہے اور اس فنڈ کو "وقف فنڈ" سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

☆ ونڈو تکافل آپریٹر بحیثیت وکیل وقف فنڈ کا انتظام و انصرام کرتا ہے جسے انفرادی فیملی تکافل شرکاء کے فنڈ (IFPTF) سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

☆ کلیمز کی ادائیگی انفرادی فیملی تکافل شرکاء کے فنڈ سے کی جاتی ہے۔

☆ زائد آمدنی (Surplus) ہونے کی صورت میں شرکاء کو (IFPTF) میں موجود رقم کی تقسیم شریعہ ایڈوائزر کمپنی کے منتخب کردہ ایکچوریز کی منظوری سے کی جاتی ہے۔

### شریعہ کمپلائنٹ فنڈ کیا ہے:

☆ شریعہ کمپلائنٹ فنڈ شریعت کے عین مطابق سرمایہ کاری پر مشتمل ہے جیسا کہ اسلامک ایکویٹی، سکوک، اسلامک ٹرم سرٹیفکیٹ، اسلامک میوچل فنڈ اور اسلامک بینکنگ انسٹیٹیوشن میں سرمایہ کاری وغیرہ۔ اس فنڈ میں کسی بھی قسم کا سود (Interest)، قمار (Gambling) اور غرر (Uncertainty) کا عنصر شامل نہیں ہے۔

### شراکتی حصہ (Contribution) اور اصل قیمت (Face Value) کا تعین کیسے کیا جائیگا؟

شریک (Participants) اپنی صوابدید پر شراکتی حصہ اور اصل قیمت کا تعین کرتا ہے جو اس کی ماہانہ بچت اور مستقبل کی ضروریات پر منحصر ہوتی ہیں۔

### منصوبہ کی مدت اور عمر کی حد کیا ہے؟

یہ منصوبہ 18 سے 57 سال قابل قبول عمر اور زیادہ سے زیادہ 67 سال کی میچوریٹی کی مدت سے مشروط 10 سے 30 سال کی مدت کیلئے دستیاب ہے۔ نابالغ بچے کی عمر کی حد ایک سے پندرہ سال تک ہے۔

### کم از کم شراکتی حصہ (Contribution) کی حد

| | | |
|---|---|---|
| سالانہ | 15,000 | Annual |
| ششماہی | 10,000 | Half Yearly |
| سہ ماہی | 5,000 | Quarterly |
| ماہانہ | 2,500 | Monthly |

### انتقال کی صورت میں واجب الادا رقم (Death Benefits):

شریک (Participant) کی وفات کی صورت میں شریک کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) کی موجودہ نقد مالیت (Cash Value) کے مساوی انتقال دعویٰ کی رقم یا اصل رقم (جو بھی زائد ہو) نامزد وارث (Beneficiary) کو واجب الادا ہوگی۔ انتقال دعویٰ کی رقم کی جانچ کے لیے جزوی طور پر نکالی گئی رقم جو شریک نے پہلے ہی استعمال کی ہو۔ وہ رقم شریک کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی موجودہ نقد مالیت میں مجموعی طور پر شامل ہوگی۔

**مثال:**

مثال کے طور پر ایک شریک کی عمر 35 سال ہے اور اصل قیمت 2,000,000 روپے ہے۔ اس میں چار سال کے اختتام پر جزوی طور پر اب تک 50,000 روپے کی رقم نکلوائی ہو۔ اور اس کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) کی موجودہ نقد مالیت 300,000 ہے۔ چوتھے سال کے اختتام پر شریک خدانخواستہ موت کی صورت میں نامزد کیے گئے حقدار کو انتقال دعویٰ کی ادائیگی درج ذیل دی گئی ترتیب کے مطابق ہوگی:

| | |
|---|---|
| اصل قیمت: | 2,000,000/- روپے ........................ (1) |
| PIA میں موجودہ نقد مالیت: | 300,000/- روپے |
| کل نکلوائی گئی جزوی رقم | 50,000/- روپے |
| کل (PIA + جزوی نکلوائی گئی رقوم): | 350,000/- روپے ........................ (2) |
| ڈیتھ بینیفٹ (1) اور (2) کا زائد | 2,000,000/- روپے |
| نامزد کیے گئے افراد کو واجب الادا رقم: | |
| IFPTF سے قابل ادا رقم: | (2000,000-350,000) = 1,650,000/- روپے |
| PIA کی قابل ادا موجودہ نقد مالیت | 300,000/- روپے |
| قابلِ ادا کل رقم: | 1,950,000/- روپے |

### مدت پوری ہونے پر فوائد (Maturity Benefit):

پالیسی کی مناسبت سے شریک کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) کی جمع شدہ مالیت مدت پوری ہونے کی تاریخ پر ادا کی جائے گی۔

### آئی ایف پی ٹی ایف کی زائد رقم کی تقسیم کن بنیادوں پر ہوگی؟

شرکاء کے تکافل فنڈ سے پیدا ہونے والی زائد رقم (اگر کوئی ہو) تعینات ایکچوری اور شرعی مشیر کی منظوری سے مشروط فیملی تکافل شرکاء کے درمیان ہر مالی سال کے اختتام پر تقسیم کی جاسکتی ہے۔ زائد رقم کی تقسیم شریک کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) کے مختص یونٹس کی تقسیم کی بنیاد پر کی جائے گی۔

### جزوی طور پر رقوم کس طرح نکالی جاسکتی ہیں؟

رکنیت کا پہلا سال مکمل ہونے پر شریک اپنے تخمینہ شدہ محاصل شریک سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) سے کسی بھی وقت بنا کسی لاگت کے حالیہ خالص اثاثہ قدر (Net Assets Value) پر نکال سکتا ہے۔ یہ وصولیابی عارضی یا مستقل بنیادوں پر کی جاسکتی ہے۔ مستقل جزوی وصولیابی ماہانہ، سہہ ماہی، ششماہی اور سالانہ بنیادوں پر کی جاسکتی ہے، بشرطیکہ PIA کی بقایا مالیت کم از کم پچاس ہزار روپے یا پچاس فیصد (جو بھی زائد ہو) ہونی چاہیے۔ پہلی جزوی وصولیابی کے لئے کوئی بھی اخراجات لاگو نہیں ہونگے۔ تاہم رکنیت کے کسی ایک سال میں چار وصولیابیوں کے بعد، جزوی وصولیابی فیس لاگو ہوگی جو کہ سالانہ انتظامی وکالہ فیس کے مساوی ہوگی۔

### اس منصوبے کے ساتھ کون سے ضمنی تکافل کے معاہدے شامل کیے جاسکتے ہیں؟

شریک کو اختیار حاصل ہے کہ وہ تکافل تحفظ کی اصل قیمت میں وسعت کیلئے مندرجہ ذیل ضمنی تکافل کے معاہدوں کا انتخاب بھی کرسکتا ہے۔

**i۔ حادثاتی موت (Accidental Death Benefits) کا ضمنی معاہدہ**

اس ضمنی معاہدہ کے تحت، شریک کی حادثاتی موت کی صورت میں اصل قیمت کے مساوی اضافی یکمشت رقم ورثاء کو ادا کی جائے گی۔

**ii۔ حادثاتی موت اور تلافی (AccidentalDeath & Indemnity Benefits) کا ضمنی معاہدہ**

اس ضمنی معاہدہ کے تحت شریک کی حادثاتی موت کی صورت میں اصل قیمت کے مساوی اضافی یکمشت رقم ورثاء کو ادا کی جائے گی۔ مزید یہ کہ اس ضمنی معاہدہ کے تحت حادثے کی وجہ سے مستقل یا جزوی معذوری کی صورت میں طے شدہ فوائد بھی حاصل ہونگے۔

(نوٹ شریک مندرجہ بالا i یا ii میں سے کسی ایک حادثاتی ضمنی معاہدہ کا انتخاب کرسکتا ہے)

**iii۔ خاندانی آمدنی کا ضمنی معاہدہ (Family Income Benefit):**

اس ضمنی معاہدہ کے تحت شریک کی وفات کی صورت میں نامزد وارث کو طے شدہ اصل قیمت کا 10 سے 50 فیصد تک سالانہ بنیادوں پر ادائیگی ضمنی معاہدے کی اختتامی تاریخ تک ادا کی جائیگی۔

### شریک کے سرمایہ کاری فنڈ کے انتظام کے لئے کیا حکمتِ عملی اختیار کی گئی ہے۔؟

اسٹیٹ لائف نے مجموعی طور پر شرکاء کیلئے موجود خطرات سے نمٹنے کیلئے شریعت کے مطابق تین مختلف فنڈز قائم کیے ہیں۔ ہر فنڈ کے لیے علیحدہ علیحدہ سرمایہ کاری کی حکمت عملی تیار کی گئی ہے تاکہ شرکاء کو بہترین منافع فراہم کیا جاسکے جو مندرجہ ذیل ہیں:

| فنڈ | خطرات کا بدل |
|---|---|
| معتدل (Conservative) | کم خطرات کے ساتھ نسبتاً مستحکم اضافہ تاکہ نقد مالیت (Cash Value) میں زیادہ سے زیادہ مثبت اضافے کے امکان کو برقرار رکھا جائے۔ |
| متوازن (Balanced) | متوازن خطرہ اور منافع پیش کرتا ہے نقد مالیت میں متوازن اضافہ |
| جارحانہ اضافہ (Aggressive) | شریعت سے ہم آہنگ متبادل پورٹ فولیو میں سرمایہ کاری کے ذریعے شریک کے منافع میں اضافے تو مرکوز کھتے ہوئے نقد مالیت میں تیز فتا اضافہ |

شرکاء رکنیت کے ایک سال میں 3 مرتبہ بغیر کسی اضافی چارجز کے کسی بھی وقت ان فنڈز کے درمیان نقد مالیت تبدیل کرسکتے ہیں۔

تمام یونٹس یا ان کے کسی حصے کو کسی ایک فنڈ سے دوسرے فنڈ میں منتقل کرواسکتا ہے تاہم ایک سال میں چار مرتبہ فنڈز کی تبدیلی کی صورت میں اسٹیٹ لائف فیس لاگو کرنے کا اختیار رکھتی ہے جو پانچ سو روپے سے زیادہ نہیں ہوگا یونٹس کو مختص کرنے اور ان کی وصولی دونوں کے لئے ہر فنڈ کی یونٹس کی صرف ایک قیمت ہوگی۔ یونٹس کی قیمت کا تعین ہر مرتبہ فنڈ کے اثاثوں کی قیمت سے روزانہ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

### مالیت بڑھانے کے اضافی اختیارات (Additional Value Added Options)

شریک مندرجہ ذیل اختیارات میں سے کوئی ایک اختیار حاصل کر کے باقاعدہ شراکتی حصہ کی اشاریہ سازی کے زریعے افراط زر سے اپنا بچاؤ کرسکتا ہے۔

**1۔ افراطِ زر سے تحفظ / اشاریہ سازی (Inflation Protection/Indexation)**

شریک مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا انتخاب کر کے افراط زر سے تحفظ بھی حاصل کرسکتا ہے۔

**i۔ شراکتی حصہ اور فوائد کی اشاریہ سازی (Indexation of Contribution & Benefits)**

اس انتخاب کے تحت شریک رکنیت کے ہر سال بعد بنیادی شراکتی حصہ اور پلان جس مجموعی رقم کا احاطہ کرتا ہے بشمول لاگو اجافی منسلکہ فوائد (اگر کوئی ہوں) رکنیت کے ہر سال 6% تک بڑھا سکتا ہے۔ یہ اختیار 60 سال کی عمر تک کے شریک کیلئے دستیاب ہے۔ شریک اس انتخاب کو کسی بھی رکنتی سالگرہ کے وقت چھوڑ سکتا ہے۔ لیکن بعد ازاں اس انتخاب کی بحالی طبی شواہد سے بھی مشروط ہوسکتی ہے۔

**ii۔ شراکتی حصے کی اشاریہ سازی (Indexation of Contributions)**

اس انتخاب کے تحت، باقاعدہ شراکتی حصہ رکنیت کے ہر سال 6% تک بڑھایا جاسکتا ہے۔ تاہم پلان کا بنیادی سالانہ شراکتی حصہ دار اصل قیمت بمع اضافی فوائد کے (اگر کوئی ہو) وہی رہینگے جو پالیسی کے اجرا کے وقت تھے۔

**2۔ تیز رفتار شراکتی حصہ فنڈ (Fund Acceleration Contribution)**

اس پلان میں شریک کے لئے لچک اختیار کی گئی ہے کہ اگر وہ چاہے تو اضافی فنڈ مہیا کر کے مزید سرمایہ کاری کرسکتا ہے۔ اور یہ اختیار پالیسی کے لاگو ہونے کی مدت میں ں کسی بھی وقت کیا جاسکتا ہے تیز رفتار شراکتی فنڈ وصول ہونے پر (لاگو چارجز منہا کرنے کے بعد) یونٹس شریک کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) میں جمع کر دیئے جائیں گے۔ کم از کم شراکتی حصہ کی حد -/10,000 روپے ہے۔

## شرعی تصدیق

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کی ونڈو تکافل، ایس ای سی پی سے منظور شدہ ادارہ ہے جو وقف اور وکالۃ کی بنیاد پر تکافل کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ اس ادارے میں تکافل کے تمام معاملات کی باقاعدہ طور پر شرعی نگرانی کی جاتی ہے۔

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان ونڈو تکافل کی جاری کردہ طیب تکافل پالیسی (بچت پلان) شرعی منظوری کے بعد پیش کی جارہی ہے، میری رائے کے مطابق اس پراڈکٹ کی ممبر شپ حاصل کرنا اور اس سے فوائد حاصل کرنا درست ہے۔

صارفین سالانہ شریعہ رپورٹ کے ذریعہ کمپنی کی شریعہ کے اعتبار سے کارکردگی اور اس کے بارے میں شریعہ ایڈوائزر کی رائے پر مطلع ہوسکتے ہیں۔

(مفتی) محمد حسان کلیم
شریعہ ایڈوائزر
اسٹیٹ لائف، ونڈو تکافل آپریشنز